# Surah Ibrahim

## Lesson No 129 (1-17)

### Root Words

Plural

ظُلُمٰت - ظلم - اندھیرا ، گمراہی کے اندھیرے

ظُلْمَۃ - Singular

العزیز - عزز - غالب + زبردست حکمت والا

الحمید - حمد - جو آپ سے آپ ہی مستحق - یعنی کوئی اس کی حمد کرے نہ کرے - وہ خود ہی مستحق ہیں تعریف کے ، حمد کے -

محمود - اس شخص کو کہتے ہیں جس کی تعریف کی گئی ہو -

حمید - اس کو کہتے ہیں جس کی تعریف کرے کوئی نہ کرے وہ اپنے آپ ہی تعریف کا مستحق ہے -

مستحق تعریف + اپنی ذات میں آپ محمود

جبار - جبر - ٹوٹ جانا ، برداشت کرنا - بہت زیادہ جبر کرنے والا -

شکور - شکر - دل کا / آنکھ کا ، دماغ کا ہے اللہ کے احسانات سے بھر جانا - بہت زیادہ شکر کرنا -

یسومونکم - سوم + سام - ایسی تکلیف دینا جس میں ذلت کا پہلو شامل ہو - (یعنی سخت عذاب کو طلب کرنا / مبتلا کرنا)

اونٹ کو چراگاہ میں چرانا - یعنی اونٹ کا چارہ طلب کرنا -

بلاء - بلو - امتحان میں ڈالنا - آزمائش میں ڈالنا -

کسی برتن کو ٹھونک بجا کر دیکھنا کہ وہ کتنا خام ہے اور کندن ہے - کپڑے کو بوسیدہ کرنا - پہن پہن کر -

اسی طرح انسان کا ٹھونک بجا کر دیکھنا کتنا خام / کندن ہے -

شک - عام لفظ

مریب - ایسا شک جس سے کوئی انسان خلجان میں ہو

یعنی بہت زیادہ شک ہونا - / دل میں کھٹکا ہونا -

**باذن - اذن -** اللہ کے اذن سے، اللہ کے حکم سے

**ملتنا - ملل -** ملت سے مراد قوم

ملت ابراہیمی - شریعت / دین

**و لنسکننکم - سکن -** آباد کرنا

**جبار - جبر -** جبر کرنا، سرکش ہونا، سختی کرنا۔ سرکشی میں بہت سخت ہونا۔

**عنید - عند -** عناد - ضدی ہونا - کسی کا بڑا دھرم ہونا۔

**یسقی - سقی -** پینا - سقایہ

**صدید - صدد -**

## پیپ کیلئے الفاظ قرآن میں ←

① **غسلین -** غسل - ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کی میل کچیل کاٹی جائے جس سے دھویا جائے۔
گندے پانی کو، زخموں کے دھوون کو، جس میں خون، پیپ، گندگی شامل ہو۔ کچل خون،

② **غساق -** ترجمہ - پیپ - بہتی پیپ - ٹھنڈا، بدبودار پانی۔

وہ کچھ جو جہنمیوں کی جلدوں سے قطرہ قطرہ کرکے گرنے لگا - ٹھنڈا / بدبودار پانی۔

قرآن میں دو جگہ - ~~حمیم~~ حمیم کے مقابلے میں آیا ہے۔
کھولتا ہوا گرم پانی۔

③ **صدید -** امام راغب اصفہانی - مفردات القرآن میں
کہتے ہیں پیپ جو گوشت اور جلد کے درمیان حائل ہو - روکنا، رکنا - صدد - ایک دوسرے کے بیچ حائل ہو جاتی ہے۔ جس میں پانی / خون کی آمیزش، کچل لہو

**پیپ + خون + پانی کی آمیزش**

پینے پلانے کے الفاظ

**یتجرعہ - جرع -** گھونٹ گھونٹ کر پینا۔
زبردستی حلق سے اتارتے ہوئے گھونٹ گھونٹ پینا۔

**یسیغہ - ساغ -** وہ مشروب جو خوشگوار ہونے کی وجہ سے انسان غٹاغٹ پی جائے۔ انسان نگل جائے۔
شربا - تمام پینے پلانے۔

**غلیظ - غلظ -** غلیظ القلب - آل عمران
موٹا، کھردرا، گاڑھا - دل کا سخت ہونا۔

**Tafseer (1-27) — Surah Ibrahim**

یہ علامتی نام - مکی دور کی آخری سورتوں میں سے ہے
7 رکوع - 861 کلمات - حروف - 3429

**سورۃ کا نام آیت نمبر 35 سے لیا گیا ہے**
**حضرت ابراہیم کے نام پر - ابو الانبیاء**

دو ٹوپک اس میں زندگی کے [?] خیالات بنیادی ہیں / بنیادی باتیں
① حقیقت رسالت + ② اللہ کی بے شمار نعمتیں کے انعامات
ناشکروں کیلئے عذاب ہے شکر کرنے والوں کیلئے

**1 -** الر - حروف مقطعات - اللہ کو بہتر علم
قرآن - بہترین کتاب + افضل ذکر + بہترین کلام
نازل کرنے والا اللہ - بہترین ذات + بہترین کلام کرنے والی ذات۔

**امام مسلم سے روایت - آپ ﷺ نے فرمایا**
بہترین کتاب - اللہ کی کتاب - بہترین سیرت رسول ﷺ کی سیرت ہے۔

CamScanner

قرآن کو آپؐ کی طرف نازل کیا گیا۔

**نازل کرنے کا مقصد** - تاکہ تم لوگوں کو نکالو، الناس، پوری انسانیت کو نکالو - امیر/غریب، شہری/دیہاتی، پڑھا لکھا/ان پڑھ - سب کو ظلمات سے نور کی طرف لے جانا ہے۔

زندگی گزاری جائے - نور/ہدایت کی روشنی میں

- **سورۃ البقرۃ - آیت نمبر ۲۵۷**
  **اللہ ولی الذین ۔۔۔۔**
- **سورۃ حدید - آیت نمبر ۹**
  **ھو الذین ینزل ۔۔۔۔**

اندھیرے - شرک کے، جہالت کے، گناہوں کے، لے قرآن کے نور سے بدلا جائے۔

**"ہدایت چاہنے والوں کیلئے ہے"**

اللہ تعالیٰ نے جسمانی ضروریات کے ساتھ روحانی ضروریات کا بھی انتظام کیا ہے۔ (قرآن کی صورت)

صحیح معرفت کی روشنی میں لوگ اس طرف چل پڑیں جو غالب اللہ کا بنایا راستہ ہے۔

* اللہ کی ذات کسی کی تعریف کی محتاج نہیں۔ وہ خود ہی خود میں تعریف ہے۔

العزیز + الحمید ⟸ صفاتی نام

قرآن کو | نازل کیا | اللہ کے نام + ہم نے نازل کیا | آپؐ کی طرف ہم نے نازل کیا | عقیدہ توحید، عقیدہ رسالت

2- **اللہ - ذاتی نام**

زمین و آسمان کا مالک - اللہ تعالیٰ

جو زندگی گزارنے کا طریقہ اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے اس کے مطابق گزاریں۔

⟸ وہ قرآن کو جھٹلاتے ہیں + عقائد سے انکار کرتے ہیں - ان کیلئے شدید عذاب ہے۔

## 3۔ انکار کرنے والوں اور جھٹلانے والوں کی نشانیاں

1۔ دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہیں۔ شب و روز دنیا کی محبت میں غرق رہنا۔ آخرت کی قدر نہ کرنا۔

دنیا کی محبت پیدا ہو جائے تو وہ سب بیماریوں کی جڑ ہے

They just wanna become slave for their desires. They want to stay there and want same for other people.

2۔ دوسروں کو روکنا اس اندھیرے میں۔

3۔ عوجًا ۔ دیکھنے والی کی بصیرت انکو دین کا سیدھا راستہ ٹیڑھا نظر آتا ہے۔

"But" ⇒ ٹیڑھا پن

اپنی مرضی قرآن کی آیات کا ترجمہ کرنا + حدیث کو اپنے مطابق کرنے کی کوشش کرنا۔ کچھ حصے پر عمل کرنا کچھ پر چھوڑ دینا

یعنی دین اسلام میں ٹیڑھ پیدا کرتے ہیں بجائے خود کو سیدھا کرنے کے۔ "فلاں بچیوں"

گمراہی میں داخل ہونا + اتنی گمراہی کہ اس کے اندر شامل ہو گئے۔

Pick & Choose ⇒ Not in Deen we can't apply

4۔ قرآن مجید اللہ کی کتاب۔ قرآن + رسول ⇐ دونوں کو عربی زبان

آسمان کی دفتری زبان۔ عربی ہے۔

فرشتوں کی + لوح محفوظ کی زبان۔ عربی ہے

بل ھو قرآن مجید فی لوح محفوظ

آپ نے فرمایا۔ کہ آدم کی زبان بھی جنت میں عربی تھی۔

① میں عربی ہوں ② قرآن عربی ہے ③ اہل جنت کی زبان عربی میں

④ الفاظ، معنی کے لحاظ سے امیر زبان

⑤ آسانی سے سیکھی جانی والی زبان

* تاکہ اچھی طرح بیان کرسکو۔ قرآن کے الفاظ کا صحیح مفہوم + حکمت عملی + شرح + صحیح تفسیر + جو سامنے والے ہیں انکو صحیح طرح سمجھانا۔

قرآن کا بیان + انسانی زندگی سے صحیح طرح سمجھ سکیں۔

بکھو جھٹکے ہیں۔ بکھو سنورتے ہیں۔ کیونکہ

ہدایت کی اندھی بانٹ نہیں ہے + قرآن مجید کا علم + نور ہے صرف چاہ والوں کیلئے ہے۔

دنیا کی دولت + رونقیں سب کیلئے ہے۔

ہدایت — اللہ کے حاکم ہونے کی وجہ سے ملتا ہے جو چاہے اُسکو دیا جاتا ہے۔

* مولانا اشرف علی تھانوی کا قول ہے۔

پیغمبر بھی اسکو ہدایت نہیں دے سکتا جو خود نہ اصلاح چاہے۔

محبت تمام کی — اس کے بعد اللہ کی مشیت + رضا ہے۔

**17←5 مثال سے ایک بات بتائی جا رہی ہے۔**

5 - حضرت موسیٰ + ان سے پہلے انبیاء سب کا یہی مقصد تھا — اسی طرح مصیبتیں آئیں۔ انہوں نے ثابت قدمی دکھائی — اللہ نے ان پر انعام کیا۔ انکو غالب کر دیا۔ تسلی دی ہے آپ کو + مسلمانوں کو جو آغاز سے اختتام تک صبر کا مظاہرہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نوازتے ہیں۔

مفسرین کی دو آراء

بایّٰمِ اللہ - اپنی نشانیاں - مطلب ① ۹ معجزے / آیاتِ موسیٰ

② آیاتِ تکوینی   تشریعی آیات

ایام - یوم کی جمع - وہ خاص دن جو اللہ رب العزت نے کسی قوم پر نازل کیے - مثلاً

جنگ، انقلاب + غزوہ بدر، غزوہ احزاب + غزوہ حنین + عذاب کے واقعات آج + پچھلی قوموں پر

## بایّٰمِ اللہ - اشارات

یادگار دن - عبرت / نصیحت کیلئے یہ دن ہیں -

* ۱۰ محرم - فرعون کیلئے عذاب + فرعونی
  بنی اسرائیل کیلئے خوشی کا دن
  روزہ رکھا جاتا ہے -

* ۱۷ رمضان ۲ ہجری - مشرکین مکہ کیلئے برا دن شکست غزوہ بدر میں
  مسلمانوں کیلئے فرقان کا دن - حق / باطل میں فرق -

## دوسری رائے - اللہ کے احسان + انعامات کا دن

شریف قوم جو اس احسان پر سر تسلیم خم کرتے ہیں -
بدتمیزی + سرکشی نہ کریں -

بنی اسرائیل پر - وادی تیہ میں بادلوں کا سایہ +
من و سلویٰ کا نازل + پانی کی ضرورت - بارہ
چشمے پھوٹ پڑے = نعمتیں یاد کروانے کا مقصد
نئی ہدایت + نور + سیدھے راستے سے

بڑا احسان

## صبر و شکر - مومن کی پوری زندگی اس پر محیط ہے -

برے دنوں میں - صبر کرتے ہیں   اچھے دنوں میں شکر کرتے ہیں

مومن صرف دو حالتوں میں ہی رہتا ہے۔
اچھا ملا تو شکر برے پر صبر تیسری کوئی حالت نہیں

**آپ ﷺ نے فرمایا**

مومن کا معاملہ بھی عجیب ہوتا ہے اگر اسکو تکلیف پہنچے تو وہ صبر کرے یہ اس کے حق میں بہتر ہے اگر خوشی پہنچے تو شکر کرے یہ اس کے حق میں بہتر ہے

**امام مسلم سے روایت**

• **حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں۔**

**" صبر نصف ایمان ہے "**

* **ارشاد باری تعالیٰ**

**ان اللہ مع الصابرین ۵ انما یوفون بغیر حساب :**

صبر کرنے والوں کے ساتھ اللہ + صبر کا بدلہ بے حساب

" خلاف طبیعت + خلاف توقع باتوں پر صبر کرنا امید کا دامن تھامے رکھنا۔"

**شکر** - اللہ کی دی نعمتوں کو ناجائز + حرام کاموں میں استعمال نہ کرنا

+ شکر کی اقسام

شکر لسانی + شکر قلبی + شکر عملی - اللہ کے آگے جھک جانا۔
اللہ کے احسان + انعام کو پہچاننا

۶- موسیٰ نے اپنی قوم کو آل فرعون سے نجات کا اللہ کا احسان یاد دلایا۔

• بدترین عذاب + بیٹوں کو قتل + عورتوں کو چھوڑ دینا۔

بلاء ⟸
۱- تکلیف + راحت دونوں کیلئے
۲- آزمائش - نعمت + مصیبت دونوں کیلئے
۳- صبر و شکر دونوں کیلئے
استعمال ہوتا ہے

**سورۃ الاعراف — حسنات و سیئات**

حضرت موسیٰ کو بھیج کر انکو اس آزمائش سے نکالا۔
آزمائش بری وقت تھا - مصیبت + نعمت دونوں میں ہی ہے۔ اس میں صبر کرنے والوں کیلئے اچھے دن منتظر ہوتے ہیں۔

## 7 - شکر + ناشکری کے نتائج

شکر کرو گے - زیادہ نوازے جاؤ گے
ناشکری کرو گے - شدید عذاب کے حقدار ٹھہرو گے۔

**مفسرین کے مطابق اذن کا مقصد**

① رب نے اپنی عزت + جلال + کبریائی کی قسم کھائی
② تمہارے رب نے خبردار کر دیا۔ جو لوگ اپنے رب کے اذن سے چلتے ہیں ان کیلئے بڑی رحمتیں + نعمتیں دے گا اللہ تعالیٰ۔

* **رسول ﷺ کے پاس** ایک سوالی آیا آپ ﷺ نے ایک کھجور دی اس نے نہیں لی یا گرا دی + دوسرا سائل آیا اسکو بھی ایک کھجور دی تو اس نے شکر ادا کیا تو آپ ﷺ نے ام سلمہؓ اس کو 40 دینار جو وہ بھی اسکو دلوا دیے۔

شکر + احسان شناسی — بڑی تاثیر ہے۔
① بحالی + خوشحالی بحال رہتی ہے
② مزید نعمتیں + برکتیں آتی ہیں۔
آزمائش - وہ ۳ آدمیوں کی۔

* **حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں - بنی اسرائیل میں تین آدمی تھے - کوڑھی + گنجا + اندھا**

کوڑھی - ایک فرشتہ + ایک ہاتھ پھیرا - ذرا بہتر + ~~ایک~~ کونسا مال - ایک اونٹ - 10 ماہ کی اونٹنی
اللہ برکت دے

گنجا — فرشتہ ہاتھ پھیرا — بال اُگ آئے + مال — حاملہ گائے — اللہ برکت دے

اندھا — فرشتہ — بینائی واپس — حاملہ بکری — اللہ برکت دے

کچھ عرصے تک تینوں کے پاس کافی مال جمع ہو گیا۔
اب کچھ عرصے بعد فرشتہ — انسانی خستہ حال میں ان کے پاس آیا۔

اب اللہ + تیری مدد سے ہی کچھ ہوگا۔ بس اللہ کے نام پر ایک اونٹ دے دو — فرشتے نے کہا سب جانتا ہوں۔

کوڑھی — باپ دادا کی وراثت سے ہے سب

اگر جھوٹے ہو تو اللہ پہلی ← حالت میں بدل دے۔

اللہ رب العزت نوازتا ہے۔
شکر گزاری سے ہی

(بخاری سے روایت)

* حضرت عبداللہ ابن عباس رضؓ فرماتے ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا عورتوں کو زیادہ جہنم میں دیکھا وہ ناشکری کرتی ہیں۔ صحابہ نے کہا کہ کیا اللہ کا کفر کرتی ہیں کیا؟ نہیں وہ شوہر کی ناشکری کرتی ہیں۔ تم پوری زندگی ان کے ساتھ بھلائی کرو تو وہ پھر بھی کسی ایک بات پر کہہ دیں گی کہ تم سے کبھی بھلائی نہ پائی۔

(بخاری سے روایت)

* بہترین جوڑا — جو خود جاگے اور دوسرے کو بھی جگائے۔

8- ذلیل ہو کر ناشکری کر رہے تھے - اللہ کا + آپ کا + قرآن کا انکار
کر رہے تھے جیسے بنی اسرائیل نے کیا تھا -

## صحیح مسلم حدیث قدسی

اے مسلمانو! اگر تم سے اگلے پچھلے جن و انس اعلیٰ درجے کے
متقی میری بادشاہی میں کوئی فرق نہیں۔
اسی طرح اے مسلمانو! اگر تم سے اگلے پچھلے جن و انس
اعلیٰ درجے کے ناشکرے بن جائیں تو بھی کوئی فرق نہیں۔

## 9- کفار مکہ سے براہ راست بات چیت

بڑی خبریں - نوح + عاد + ثمود - زبردست قومیں
لیکن اپنے پیغمبروں کو جھٹلایا

## فردوا ایدیھم فی افواھھم
مفسرین کے مطابق مختلف معنی

(1) لوٹا دیے اپنے ہاتھوں کو - ھُم کی دونوں ضمیر کفار
کی طرف لوٹائیں - کفار نے نبیوں کے ساتھ بڑی زیادتی
کی اور اپنے ہاتھ اپنے منہ میں ڈال کر کاٹنے لگے غصے سے۔
غیظ و غضب سے منہ میں ڈال لینا۔
انبیاء کی باتیں سن کر حیرت کے طور پر اپنے ہاتھ اپنے منہ
پر رکھ لیے - یہاں بھی ضمیر کفار کی طرف۔

(2) پہلی ھُم کی ضمیر کفار کیلئے دوسری ھُم کی
ضمیر رسولوں کیطرف
ہم سے تم کیا توقع کرتے ہو یہاں اپنے ہاتھ
پیغمبروں کی طرف کر کے چپ رہنے کو کہا۔

(3) ھُم کی دونوں ضمیر رسولوں کیطرف ہیں = سخت گستاخی
سے یہ

انبیاء کے ہاتھ پکڑ کر ان کے ہی منہ میں ڈال دیا۔

* جو بات تم ہمیں بتا رہے ہو نا ہماری سمجھ میں آرہا ہے اور نہ ہی ہمیں یقین ہے ہم اسکو ے کشمکش میں ہیں۔

۱۵ - معجزے وہ ہوتے ہیں جو سب دیکھ سکیں۔

ایمان لانے سے پچھلے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

ایمان ایسا جو جیتا جاگتا ہو + توبۃ النصوح کریں تاکہ مہلت پا سکیں

* قتل خطاً - ایک صحابی سے - کاش میں اس سے پہلے مسلمان ہی نہ ہوا ہوتا۔

الی اجل مسمی ① دنیا میں کسی بھی شخص کو جو عمل کرنے کی مہلت ملی ہے

② قیامت کے معنی ہیں

انفرادی + اجتماعی طور پر مہلت ملنا۔

ایک شخص " ایک قوم

ہر قوم کے نافرمان لوگوں کو اپنی پیغمبروں سے دیا۔

* کئی دفعہ بات کرتے ہم نیک لوگوں کو فطری تقاضوں + حاجتوں سے نکال دیتے ہیں

بسلطن مبین - ایسی دلیل جو ہاتھوں سے چھو کر + آنکھوں سے دیکھ کر پھر یقین کریں گے۔

۱۱ - جسمانی + معاشی + معاشرتی - ہر لحاظ سے ہم تمہاری طرح کے انسان ہیں۔ (یہ تم ٹھیک کہہ رہے ہو کہ ہم بشر ہیں)

اللہ کا احسان ہے کہ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے پیغمبر بنا دے۔

توحید + ایمان + ارکان کی نعمت سے جب اللہ کسی کو نواز دیتا ہے وہ شخص اللہ پر ہی بھروسہ کرتے ہیں

12- ہدایت - کسی کو لطف و کرم سے + نرمی سے سیدھے راستے پر ڈال دینا۔

دنیا میں سب سے خوبصورت راستہ - دین کا ہے۔

سبل سے مراد - دنیا میں زندگی گزارنے + آخرت میں کامیابی کا راستہ

سختیاں + آزمائشوں سے ہم یہ راستہ نہ چھوڑ دیں گے کیونکہ ہمیں اللہ پر توکل ہے۔

13-

① کفار کا جواب ہمارے ساتھ مل جاؤ ہمارے آباؤ اجداد کے دین پر آجاؤ

مخالفین حق - حق کا دلائل نہیں دے سکتے۔

② یا پھر تم جلاوطن کر دیے جاؤ گے۔

ورقہ بن نوفل - حضرت خدیجہؓ - ارے یہ وہی فرشتہ ہے وہی ناموس ہے جو موسیٰ پر آیا تھا۔ کاش میں اسوقت زندہ رہوں جب تمہاری قوم تمہیں نکالے - تو میں تمہاری مدد کر سکوں

آپ نے فرمایا کہ کیا وہ واقعی مجھے نکال دیں گے کیونکہ آپ تو قوم کی آنکھ کا تارا تھے۔ لیکن پھر وہ دور آیا کہ انکی قوم نے نکال دیا۔ کیونکہ یہ تو بنی اسرائیل کی قوم سے چلا آیا ہے۔ پھر مکی دور میں وقت آیا کہ مشرکین مکہ نے بلا ناغہ کی کہ یہاں تو آپ کو قید کر دیا جائے یا قتل یا جلاوطن کر دیا جائے۔

گویا یہاں مسلمانوں + آپ کو صبر + ایمان + توکل کا درس دیا جا رہا ہے۔

ابو الانبیاء حضرت ابراہیم کو بھی دھمکی دی گئی تھی

CS CamScanner

پھر آپ کیلئے ذمہ داری کردی کہ انکو تو ہم ضرور بالضرور ہلاک کردیں گے اور آپ کو وہاں آباد کریں گے۔
جیسے فرعون + اسکی قوم کو ہلاک کرکے بنی اسرائیل کو آباد کیا۔

14۔ انکے بعد ہم آپکو آباد کردیں گے۔ آیت کا آخری حصہ ہے

**پوری زندگی کا نچوڑ + تمام اعمال کا نچوڑ**

**سورۃ النزعت — 40، 41**

**سورۃ الرحمن — 46**

ایسے شخص جسکو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا ہے وہ انسان نفس + شیطان + خواہشات کی پوجا سے پرہیز کرتا ہے اور خود کو بچاتا ہے اللہ کی پکڑ سے۔ Try to control oneself from wrong doing.

**15۔ کفارِ مکہ کا مطالبہ۔ اپنے رسولوں سے۔ کہ جس چیز کی تم ہمیں دھمکیاں دلاتے تھے عذاب کی۔ تو وہ اب آجائے۔**

پھر اللہ نے ان کے لیے فیصلہ کر دیا۔

**سورۃ الاعراف — 89**

* **غزوہ بدر۔ مشرکین مکہ نے بھی تو اسی طرح کیا تھا کہ فیصلہ آجائے —** سورۃ الانفال — 19

ابوجہل نے خانہ کعبہ کا پردہ پکڑ کر کہا تھا کہ جو حق پر ہے اسکو تو فتح دے دینا۔ وہ اسی طرح حق کے خلاف بات کرتے اور فیصلہ چاہتے تھے پھر اللہ رب العزت نے کر دیا فیصلہ۔

16- دنیا میں عذاب کے علاوہ + ذلت سے بھی نوازہ جائے گا۔

**یعنی ورڈ آف شٹ** — یعنی صرف دنیا نہیں اسکا بعد بھی قیامت کے بعد بھی انکے ساتھ اسی عذاب اور ذلت کا معاملہ کیا جائے گا۔

شدید پیاس کی حالت میں انکو پیپ + لہو + بدبو دار پانی + جہنمیوں کی کھالوں سے + زخموں سے بہتا ہوا نکلا لہو انکو پینے کیلئے پیش کیا جائے گا۔

**• حدیث میں صدید کیا ہے؟**

* گرم + کھولتا ہوا - چہرے کے قریب جاتے ہی کھال چہرے کی جھلس کر گر جائے گی۔

* اسکا ایک گھونٹ پیتے ہی انتڑیاں پاخانے کے راستے باہر آ جائیں گی۔

17- اسکے علاوہ انکے پاس کچھ نہ ہوگا پینے کو وہ گھونٹ گھونٹ ہی پینے پر مجبور + بے بس ہوں گے۔ ہر طرف سے وہ موت کے قریب ہوں گے لیکن موت نہیں آئے گی۔

**• حدیث سے** — وہ پینا نہیں چاہیں گے لیکن فرشتے سر پر لوہے کے ہتھوڑے مار کر زبردستی پلائیں گے۔ شدت حرارت سے دماغ کی کھال تک جھلس جائے گی

**سورة کہف — 29**

جہنمی آپس میں بات کریں گے کہ جنتیوں کو جنت انکے گڑگڑانے سے ملی آؤ مل کر روتیں ، نہیں ملا تو پھر کہیں گے کہ صبر سے ملی پھر کہیں گے آؤ صبر کریں پھر بھی نہ ملے گی — پھر مجبور ہو جائیں گے نہ موت آئے گی نہ عذاب ٹلے گا — بلکہ کھال بدل کر عذاب کی شدت بڑھائی جائے گی تاکہ وہ عادی نہ ہو جائیں۔